11 اپریل 2018

## آتش بازی کے سامان کے فروخت کنندگان کے لیے سالانہ فائر ورکس سیفٹی کورس، 18 تا 26 اپریل

برامپٹن، آن - اپنی کمیونٹی کو محفوظ رکھنے کی ایک کوشش کے طور پر سٹی آف برامپٹن اس مہینے سامانِ آتش بازی کے فروخت کنندگان کے لیے دو سیفٹی کورسز منعقد کرے گا۔ سامانِ آتش بازی کے فروخت کنندگان اگر وکٹوریہ ڈے یا کینیڈا ڈے پر آتش بازی کا سامان فروخت کرنا چاہتے ہوں، تو بروز بدھ مورخہ 6 اپریل کو شام 6 بجے اور بروز جمعرات مورخہ 26 اپریل کو اسی وقت پر بمقام فائر لائف سیفٹی ایجوکیشن سنٹر، 225 سنٹرل پارک ڈرائیو میں منعقد ہونے والے کورس میں سے کسی ایک میں شرکت کر سکتے ہیں۔ اگر آپ دیوالی پر آتش بازی کا سامان فروخت کرنے کا ارادہ رکھتے ہوں، تو ستمبر کے مہینے میں اضافی کورسز بھی منعقد کیے جائیں گے۔

905.874.2740 پر کال کر کے پیشگی رجسٹریشن کروانا لازمی ہے۔ فیس 100$ ہے۔

ایک سے زیادہ مقامات پر کام کرنے والے فروخت کنندگان کے ہر مقام سے کم از کم ایک بندے کو کورس لازمی طور پر مکمل کرنا چاہیے۔

اس لازمی سالانہ کورس کو شہر نے 2017 میں متعارف کروایا تھا۔ فائر ورکس اور لائسنسنگ کے ضمنی قوانین کی منظوری کونسل نے 2016 میں دی تھی۔ ان ضمنی قوانین کے تحت وکٹوریہ ڈے، کینیڈا ڈے، دیوالی اور نیو ایئرز ایوو کے موقع پر برامپٹن میں تمام رہائشی پراپرٹیز پر شارٹ رینج کی آتش بازیاں چلانے کے لیے کسی قسم کے پرمٹ کی ضرورت نہیں ہے۔ چونکہ سیفٹی ہماری اوّلین ترجیح ہے، لہٰذا ضمنی قوانین کے تحت دیگر ایسی ہر قسم کی آتش بازیوں پر پابندی ہے جو انسانی جان یا پراپرٹی کو کوئی بڑا نقصان پہنچا سکتی ہیں۔

وکٹوریہ ڈے اور کینیڈا ڈے پر برامپٹن میں سامانِ آتش بازی کے منظور شدہ فروخت کنندگان کی ایک فہرست، ان چھٹیوں کے قریب سٹی کی ویب سائیٹ پر شائع کی جائے گی۔

**فوری لنکس:**

- فائر ورکس سیفٹی ویڈیو
- فائر ورکس FAQs

-30-

**میڈیا کنٹیکٹ**
نتالی سٹوگڈل
میڈیا کوآرڈینیٹر
سٹی آف برامپٹن
natalie.stogdill@brampton.ca | 905.874.3654